بیکن ہاؤس اسکول سسٹم آئی نائن کیمپس۔اسلام آباد

اسم جمع

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت کو موزوں اسم جمع لگا کر مکمل کریں۔

ہجوم	گجرے	قطار	غول	ٹولی	جھنڈ	گچھا

آج صبح ہم مری کے لیے روانہ ہوئے۔راستے میں گاڑی میں پٹرول بھروانے کے لیے پٹرول پمپ پر رکے تو گاڑیوں کی لمبی _____ نظر آئی۔گاڑی کے ڈرائیوروں کی ایک _____ باتیں کرنے میں مصروف تھی۔ امی نے پھول بیچنے والے کو دیکھا تو اس سے دو _____ خرید لیے۔میں نے کھڑکی سے باہر دیکھا تو مجھے کبوتروں کا ایک _____ اڑتا ہوا دکھائی دیا۔آخر کار پٹرول بھروانے کے بعد ہم نے اپنا سفر دوبارہ شروع کیا۔راستے میں درختوں کا _____ آنکھوں کو ٹھنڈک بخش رہا تھا۔آخر کار ہم مری پہنچ گئے۔وہاں پہنچ کر ہم نے سب سے پہلے مال روڈ جانے کا فیصلہ کیا۔مال روڈ پہنچے تو وہاں لوگوں کا _____ دیکھ کر دادی اماں کا دل گھبرانے لگا اور ان کو چکر آنے لگے ان کی حالت دیکھ کر ہم نے ادھر ادھر دیکھا تو کوئی جوس کی دکان نظر نہ آئی ہاں البتہ سامنے پھل والے کی دکان دیکھی تو اس کے پاس ہرے ہرے انگوروں کا _____ نظر آیا جو ہم نے دادی کے لیے فوراً خرید لیا۔دادی کی طبیعت جیسے ہی سنبھلی ہم نے اپنی تفریح کا آغاز دوبارہ شروع کر دیا۔